## سوال

(484) خلع اور فسخ نکاح کے بارے میں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) طلاق خلع : یہ کیا چیز ہے کیا خلع کے لیے مرد کی رضامندی ضروری ہے یا عورت اپنی مرضی سے خلع لے سکتی ہے کیا کیا شرائط ہیں ذرا تفصیل سے خلع کے بارہ میں روشنی ڈالیں ؟

(2) فسخ نکاح : ہمارے مذہب میں اس کی کیا حیثیت اور کیا طریقہ کار ہے کب تنسیخ نکاح ہوتی ہے اور کیا خلع تنسیخ نکاح ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا مکتوب گرامی موصول ہوا قلت فرصت کی بنا پر آپ کی مطلوب تفصیل سے قاصر ہوں ۔ اختصاراًگذارش ہے کہ خلع مجرد عن الطلاق صحیح قول کے مطابق فسخ ہوتا ہے نیز خلع میں خاوند بیوی دونوں کی رضا ضروری ہے فسخ نکاح کی کئی صورتیں ہیں ان میں خیار بلوغ یا کسی اور وجہ سے قاضی کا نکاح توڑنا بھی شامل ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طلاق کے مسائل ج1ص334